(۸)

کتاب: **قرآنی معلومات** مرتب: حافظ نذیر احمد صاحب کرنالوی

ملنے کا پتہ: حافظ عبدالرشید، مدرسہ خیبیہ، کورنگی ۲ ۱/۲ مارکیٹ، کراچی ۳۱ ... پاک اکیڈمی، دکان ۱۲ مسجد باب الاسلام آرام باغ کراچی۔

قرآن مجید اللہ تعالیٰ کی آخری کتاب ہے جس کے نزول پر چودہ سو سال گزر چکے ہیں اور اس طویل عرصہ میں جہاں کروڑوں انسانوں نے اسے اپنے سینہ میں محفوظ کر کے سعادت عظمیٰ حاصل کی وہاں لاتعداد اللہ کے بندے ایسے بھی ہیں جنہوں نے مختلف زبانوں میں اس کے ترجمہ، تفسیر، اس کے علوم پر تحقیقی تصانیف وغیرہ کا کام کیا۔ اس سرمایہ علمی میں ضخیم کتب بھی ہیں اور چھوٹے چھوٹے رسالے بھی گویا اللہ کا ہر بندہ اپنی استعداد و ہمت کے مطابق مصروف عمل ہے بعض رسائل ایسے ہیں جو بظاہر مختصر لیکن جامع انداز کے ہوتے ہیں۔ ایسا ہی یہ رسالہ ہے، فاضل مرتب حضرت مولانا سید محمد یوسف بنوری قدس سرہ کے شاگرد اور لائق عالم ہیں۔ ۱۰۰ کے لگ بھگ صفحات میں انہوں نے بہت سی قیمتی باتیں قرآن عزیز کے متعلق جمع کر دی ہیں۔ بڑوں کے لئے بھی یہ رسالہ بے حد مفید ہے۔ لیکن چھوٹوں بچوں کو تو سبقاً پڑھانے کی چیز ہے۔

## بقیہ: مضاربت اور بلا سود بنکاری

اسے جو منافع ہوگا وہ اس شعبہ پر اخراجات سے کئی گنا زیادہ ہوگا۔

سوشلسٹ ممالک، جو کسی مذہب پر ایمان نہیں رکھتے ہیں مذکورہ بالا تفصیلات کے ساتھ بینکاری نظام نے بڑے خوشگوار نتائج دیئے ہیں وہاں دوسرے ممالک کی نسبت ضروریات زندگی کی چیزوں کے نرخ، سرمایہ دار ممالک کی نسبت بڑی حد تک کم ہیں۔ اس بارے میں ہم چین کی مثال دیتے ہوئے نہیں تھکتے۔ اس لئے اگر چین میں انہی تفصیلات سے ملتا جلتا بلا سود بینکاری نظام مثبت نتائج دے سکتا ہے تو ایک اسلامی ملک میں اسے کیوں نہیں اختیار کیا جا سکتا۔